**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی جانب سے بانی چیئرمین عمران خان کو فراہمیٔ انصاف میں تاخیر کی شدید مذمت

بانی چیئرمین عمران خان اور ان کی اہلیہ کے خلاف جھوٹے اور بیہودہ عدّت کیس کی نئی عدالت میں منتقلی بھی کلیتاً مسترد

بانی چیئرمین عمران خان اور ان کی اہلیہ فوری رہائی کے مستحق ہیں، انصاف کی فراہمی کے عمل کو سست روی کا شکار کرکے صریح ناانصافی کی بھینٹ چڑھایا جا رہا ہے، بانی چیئرمین کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے اور ناحق قید میں رکھنے کیلئے قانون و ضوابط کی دھجیاں اڑا کر دس گنا رفتار سے ٹرائلز کئے گئے اور سزائیں سنائی گئیں،

جھوٹے، بے بنیاد، جعلی اور من گھڑت مقدّمات اپنے انجام سے دوچار ہیں تو لمبی لمبی تاریخوں کی آڑ میں ٹرائلز کو سست روی کا شکار کیا جا رہا ہے، عدّت کیس کے ٹرائل کی تکمیل پر اسے نئی عدالت منتقل کرنا سراسر غیر آئینی، غیر قانونی اور منصفانہ ٹرائل کے ساتھ ایک سنگین مذاق ہے جسے کلیتاً مسترد کرتے ہیں، عدلیہ لاقانونیت اور سیاسی انتقام کے مکروہ سلسلے کو کندھا فراہم کرنے کے بجائے آئین و انصاف کے ساتھ کھڑی ہو اور بانی چیئرمین عمران خان، ان کی اہلیہ اور تمام سیاسی قیدیوں کو فی الفور رہا کرے، کور کمیٹی کی جانب سے بانی چیئرمین عمران خان کی عفت مآب اہلیہ بشریٰ بی بی کی صحت و علاج کے حوالے سے جیل حکّام اور مینڈیٹ چور سرکار کے رویّے کی بھی شدید مذمت

محترمہ بشریٰ بی بی کی شکایات کے باوجود باا عتبار انداز میں خصوصاً شوکت خانم اسپتال سے ان کے ٹیسٹس سے گریز کی شدید مذمت۔ تمام تر خدشات اور تحفّظات کے باوجود شوکت خانم کی بجائے پمز سے محترمہ بشریٰ بی بی کے ٹیسٹس کروائے گئے اور رپورٹس بوجوہ چھپائی جا رہی ہیں یا فراہم نہیں کی جا رہیں، جیل انتظامیہ اور مینڈیٹ چور سرکار محترمہ بشریٰ بی بی کی صحت سے کھلواڑ بند کریں اور ان کی میڈیکل رپورٹس بلاتاخیر فراہم کریں، کور کمیٹی نے انتخابی ٹربیونلز کیلئے ریٹائرڈ ججز کی تقرریوں کے عمل کو بھی کلیتاً مسترد کر دیا

انتخابی ٹربیونلز کیلئے ریٹائرڈ ججز کی تقرریاں یکسر غیر آئینی، غیر قانونی اور انتخابی عذرداریوں پر انصاف پر مبنی فیصلوں کے پورے عمل کی تباہی کی بنیاد ہیں، مینڈیٹ چوروں اور ریاستی شر انگیزوں کے کنسورشیم نے پہلے مجرم چیف الیکشن کمیشن اور کٹھ پتلی کمیشن اراکین کی معاونت سے مرضی کے آر اوز لگا کر انتخابات میں اپنی مرضی کا ڈاکہ ڈالا، جمہور اور عوام کے ووٹ کے حق کے دشمن اب ریٹائرڈ ججز لگا کر ٹربیونلز سے اپنی مرضی کے فیصلے حاصل کرنے کی مذموم منصوبہ بندی کر رہے ہیں، الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ٹربیونلز میں ریٹائرڈ ججز کی تقرریوں کو کسی صورت تسلیم کرتے ہیں نہ ہی ان کے روبرو لگائے جانے والے مقدمات کی پیروی کریں گے، تاریخ کے متعصب ترین اور مجرم چیف الیکشن کمشنر اور کٹھ پتلی کمیشن اراکین کی جانب سے انٹرا پارٹی انتخابات کے معاملے کو بغیر کسی جواز کے دوسری مرتبہ ڈی لسٹ کرنے کی بھی شدید مذمت

چیف الیکشن کمشنر کی سرکردگی میں دستور، جمہوریت اور عوام کے ووٹ کے حق کے خلاف کمیشن کی ریشہ دوانیوں کی فہرست طویل تر ہو رہی ہے، چیف الیکشن کمیشنر اور کمیشن اراکین کے متعصّبانہ، جانبدارانہ اور غیر آئینی و غیر قانونی فیصلوں کے خلاف پارلیمان کے اندر اور باہر ہر سطح پر آواز اٹھانے کا فیصلہ، کور کمیٹی کی جانب سے ملک گیر سطح پر پاکستان تحریک انصاف کی رکنیت سازی مہم کے آغاز کی بھی باضابطہ منظوری

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ